ایف آئی اے کی جانب سے سینئر صحافی اور اے بی این نیوز اسلام آباد کے بیورو چیف خالد جمیل کی رہائشگاہ پر چھاپے اور گرفتاری کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کاایف آئی اے کی جانب سے سینئر صحافی کی رہائشگاہ کا تقدس پامال کرنے اور رات کی تاریکی میں انہیں گرفتار کرنے کی شدید مذمت :

پاکستان جنگل کے قانون کی گرفت میں اور ریاستی حکومتی ادارے قانون کی سنگین پامالیوں کے مرتکب ہیں،"

ریاست سے اپنے بنیادی آئینی حقوق طلب کرنے کی جسارت کرنے والے ہر شہری کی عزت، جان، مال اور آزادی خطرے میں ہے،

ریاستی خیرات قبول کرکے ملک میں جھوٹ، الزام اور دشنام پر مبنی سرکاری بیانیے پھیلانے والے صحافی ہی سرکار کو قابلِ قبول ہیں،

نگران حکومت صحافیوں کی تذلیل اور زباں بندی کے غیرآئینی و غیرجمہوری سلسلے کو دوام بخشنے کی بجائے آزادئ اظہار و ابلاغ کا احترام کرے،

خالد جمیل کو فوراً رہا کیا جائے اور ان کے خلاف قائم بےبنیاد مقدمے کو خارج کرتے ہوئے اہلِ صحافت کو ہراساں کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے"- ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ